© rasailojaraid.com



# بابری مسجد کا فیصلہ؟

## ہائی کورٹ نے اڑائی پھر ایک بار انصاف کی دھجیاں

ابوحمزہ (بھارت)

بیسویں اور اکیسویں صدی میں ناانصافی پر مبنی کسی فیصلہ کا دنیا کے کسی بھی ملک اور خطہ میں کسی بھی عدالت یا سپریم کورٹ سے صادر ہونا کوئی اچنبھے کی بات نہیں، کیوں کہ بسیار کوششوں کے بعد یہود کو ان صدیوں میں دنیا بھر میں اپنے شکنجے گاڑنے کا موقع ہاتھ آیا ہے اور دنیا کے اکثر خطوں میں زندگی اور معاشرے کے تمام شعبوں پر ان کو کافی اثر رسوخ حاصل ہے۔ قرآن کے اعلان کے مطابق یہود و ہنود کا گٹھ جوڑ ہمیشہ مسلمانوں کے ساتھ شدید عداوت کا حامل ہوا کرتا ہے ﴿لتجدنَّ اشد الناس عداوۃ للذین آمنوا الیهود والذین اشرکوا﴾ ”کہ آپ ضرور بالضرور مؤمنوں کے لئے یہود کو سب سے زیادہ سخت عداوت والا پائیں گے اور مشرکوں کو۔“

تاریخ اس بات پر شاہد عدل ہے کہ عہد نبوی صلی اللہ علیہ سے لے کر عہد حاضر تک، ہر زمانہ میں اسلام کے خلاف ان کا اتحاد پایا جاتا رہا ہے اور آج بھی پایا جا رہا ہے۔

آپ کو تعجب ہوگا کہ بابری مسجد کے عنوان پر تحریر کئے جا رہے اس مضمون میں آخر یہود و مشرکین کے اتحاد کی یہ بات بے جوڑ معلوم ہو رہی ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ بابری مسجد کی جگہ رام جنم بھومی کا اصل مسئلہ اٹھانے والا ایک یہودی ہے، فیصلہ کے دوسرے دن گجراتی ہندی، مراٹھی اخبارات بابری مسجد کی معلومات سے بھرپور تھے۔ ایک اخبار نے اس کی تاریخی معلومات فراہم کی اور تحریر کیا: ”۱۶۶۷ء میں ایک یہودی پیشوا جوزف ٹا نفینتھلر نے سب سے پہلے اس جگہ کو ہندوؤں کے مقدس مقام کے نام سے متعارف کروایا اور پھر ہوتے ہوتے اسے رام جنم بھومی قرار دے دیا گیا“، اچھا مضحکہ خیز امر یہ ہے کہ ہندوؤں نے بہت سے مقامات کو رام جنم بھومی قرار دیا ہے تو کیا رام ایک بار سے زائد مرتبہ پیدا ہوئے یا ایک ہی بار میں مختلف مقامات میں پیدا ہوئے!!

بہر حال ان کے عقائد کی ویسے بھی کوئی ٹھوس تو کیا سرے سے بنیاد ہی نہیں، نہ عقلی طور پر قابل فہم ہے اور نہ کوئی



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

نقلی دلیل ان کے پاس ہے، بس ہم تو اللہ کا جتنا شکر ادا کریں کم ہے کہ اسلام وایمان کی دولت عظیم سے ہمیں مالا مال کیا۔ ''الحمدلله الذی هدانا لهذا وما کنا لنهتدی لولا ان هدانا الله''

ہٹلر نے اپنی ایک کتاب میں عجیب بات تحریر کی ہے، اس نے لکھا ہے کہ ''میں چاہتا ہوں کہ یہودیوں کو چن چن کر دنیا سے ختم کر دوں، اس لئے کہ معاشرے میں جتنی اخلاقیاں اور جتنے فتنے اور فساد کے عناصر ہیں، اس میں اصل ہاتھ یہودی کا ہوتا ہے۔'' (المجتمع عربی مجله)

اتفاق سے میں نے جس دن اخبار میں بابری مسجد مسئلہ کی ابتدا کی تاریخ پڑھی، اسی دن کویت سے شائع ہونے والے عربی کے سب سے مشہور ومقبول مجلّہ المجتمع میں ہٹلر کا قول بھی پڑھا تو فوراً اس پر گویا ایک دلیل مل گئی۔ اس کے بعد میں نے مصر کے مشہور مؤرخ عبدالوہاب المسیری مرحوم کی معرکۃ الآراء کتاب ''موسوعة اليهود واليهودية الصهيونية'' کی ورق گردانی کی تو ہندوستان میں یہود کی تاریخ بھی مل گئی۔ موصوف نے ''اليهود في الهند'' کے عوان کے تحت رقم کیا ہے کہ:

''۱۹۶۱ء میں کیے گئے مردم شماری کے اعداد وشمار میں بتایا گیا کہ ہندوستانی یہودیوں کی تعداد ۵ء۳۹ ہے جس میں سے ۱۴۶۰۰ ہندوستان میں آباد ہیں اور ۲۳ ہزار ہندوستانی یہود اسرائیل میں آ کر آباد ہو گئے ہیں۔

ہندوستان میں مقیم یہودیوں کی کل چار قسمیں ہیں: (۱) یہود بنی اسرائیل (۲) یہود کوچن (۳) یہود منی پور (۴) بغدادی یہود۔

یہود بنی اسرائیل کوکن میں مقیم تھے، مگر ۱۸ ویں صدی عیسوی کے اوائل میں بمبئی منتقل ہوئے۔ ۱۷۶۹ء میں بمبئی میں سب سے پہلا یہودی معبد بنایا گیا، ۱۸۳۳ء تک دو ثلث یہود بنی اسرائیل بمبئی پہنچ گئے، گر حاخامی یہودیوں سے یہ لوگ مدتِ دراز سے کٹ چکے تھے اور ہندوانہ ثقافت میں رنگ گئے، ان کے نام عادات واطوار سب ہندوانہ ہو گئی، یہاں تک کہ انہوں نے ہندو مذہب ہی قبول کر لیا اور تلمود سے بھی نابلد ہو گئے اور مراٹھی زبان بولنے لگے، ساتھ ہی تمام ہندوانہ تعلیمات پر عمل پیرا ہو گئے، تا آں کہ ان کے نزدیک بیوہ عورتوں سے شادی کرنا، گائے کا گوشت کھانا سب حرام قرار پایا۔ حالاں کہ تورات میں ایسی کوئی تعلیم نہیں ہے۔''

گویا اس وقت جو مراٹھا سیاست میں سرگرم ہے وہ اصلاً یہودی ہیں یا ان کے ہم نوا، اسی لئے ان کی مسلمانوں سے عداوت بھی بڑی سخت ہے۔

عبدالوہاب المسیری مرحوم آگے تحریر فرماتے ہیں:

''اور یہود کوچن تو ان کا تعلق یہودیوں کے قدیم مشہور قبیلے منسی سے ہے اور یہ لوگ مالا بار کے ساحل کے راستہ سے کوچن پہنچے، اس وقت جب ہیکل کو ڈھا دیا گیا ان کے ہندو راجاؤں سے بھی گہرے مراسم



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

رہے اور کسی زمانہ میں ہولنڈ اسپانیا اور حلب کے یہودی بھی ان کے ساتھ آکر بس گئے اور جب انگریز ہندوستان پر قابض ہوئے تو انگریزوں کے ساتھ بھی انہوں نے تعلقات استوار کئے مگر یہودی بنی اسرائیل کی طرح یہود کوچن ہندوانہ تہذیب میں رنگ گئے اور مالا یالام زبان بولنے لگے، البتہ انگریزی زبان سے بھی وابستہ رہے، مگر زبان کو بہ دستور اپنی عبادتوں میں استعمال کرتے رہے، شرقی اور عربی یہود کی رسومات اختلاط کی وجہ سے ان میں رچ بس گئے، گویا شرقی غربی ہندی اس طرح تین تین طرح کی رسومات اور عادات ان میں سرایت کر گئے، سیاست اور تجارت میں بھی کافی اثر ورسوخ حاصل ہوا اور رہے۔

**یہودی منی پور:** یہ اصلاً چین کا یفنج قبیلے سے تعلق رکھتے ہیں، مغلوں کے زمانہ میں یہ لوگ اس علاقہ میں آباد ہو گئے، یہ لوگ اپنے دین سے بالکلیہ طور پر کٹ چکے تھے، چند یہودی رسومات کے علاوہ اکثر وثنی اور مسیحی رسومات ان میں جگہ پکڑ گئے یہاں تک کہ دیگر ہندوستانی یہود ان کو جانتے بھی نہیں تھے۔

**بغدادی یہود:** یہ اپنے آپ کو اصل یہود گردانتے ہیں، ۱۷ویں صدی میں بغداد سے ہندوستانی منتقل ہوئے، یہ انتہائی متمول اور کارخانوں اور فیکٹریوں کے مالک رہے، مگر ان کی بڑی تعداد یورپ کی طرف چلی گئی۔ (موسوعة اليهود و اليهودية والصهيونية: ۸۷-۸۹)

مرحوم عبدالوہاب المسیری نے بڑی تفصیل کے ساتھ اس موضوع کو اٹھایا ہے۔ بندہ نے اس کا خلاصہ قائین کے نظر کیا۔ اب آئیے ہم اس تاریخی معلومات کے بعد ایک بار پھر اپنے موضوع کی طرف لوٹتے ہیں، میں نے بات چھیڑ دی تھی، اخیری چند دہائیوں میں دنیا بھر کے عدالتی فیصلوں کو......تو آئیے ہم دنیا کی عدالتوں سے اسلام مخالف ناانصافی پر مبنی فیصلوں پر ایک نظر ڈالتے ہیں:

☆......یورپ کے اکثر ممالک میں عدالت نے برقعہ پر پابندی عائد کی، حالاں کہ جمہوری اعتبار سے بھی یہ ناانصافی ہے، کیوں کہ جمہوریت میں ہر ایک کو اپنے مذہب پر عمل کرنے کی مکمل آزادی ہونی چاہئے۔

☆......برطانوی عدالت کا زبردستی یہودیوں کی فلسطین آبادکاری کے بارے میں ناانصافی پر مبنی فیصلہ۔

☆......اسرائیل جیسی ناجائز ریاست کو تسلیم کرنا۔

☆......فلسطین میں مسجد اقصیٰ پر ناجائز قبضہ۔

☆......یورپی ممالک میں مسجد کے میناروں کی تعمیر پر پابندی۔

غرضیکہ یہودی پوری دنیا میں سرگرم ہے اور اسلام مخالف فیصلے کروانے میں اس کو بڑی مہارت حاصل ہے۔ سیکولرزم، جمہوریت آزادی، مساوات اخوت اور بھائی چارگی، اشتراکیت، اشتمالیت، وجودیت، ارتقائیت، جنسیت، اجتماعیت تجربیت، عقلانیت، انسیت، علمیت، روشن خیالی، سرمایہ داریت، وضعی قانونیت، قومیت، علاقائیت، اتحادِ ادیان کے نا


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

سے جتنی بھی تحریکیں یورپ سے اٹھ کر پوری دنیا میں گمراہی اور ناانصافی کا ننگا ناچ، ناچ رہی ہے، ان سب کے پیچھے یا تو براہ راست یا بالواسطہ یہودیت زدہ عیسائیت یا یہودیت وصہیونیت ہی کا ہاتھ ہوتا ہے۔

ہندوستان جیسے کثیر المذہب جمہوری ملک میں بھی محض عقیدے اور اکثریت کے دل کے بہلاوے کے لئے تاریخ اور حقیقت سے روگردانی کرنا اور ناانصافی پر مبنی ایسا فیصلہ، بڑے افسوس کی بات ہے!!!اور یہ کوئی پہلا فیصلہ نہیں، آزادی کے بعد اسلام مخالف ایسے بہت سے فیصلے ہندوستانی عدالتیں سنا چکی ہیں، جو درحقیقت جمہوریت کے میز پر ایک زوردار طمانچہ اور تھپڑ ہے اور تعجب تو اس پر ہے کہ کچھ سابق ججوں نے بھی اسے صحیح فیصلہ قرار دیا ہے اور یہاں تک کہنے کی جرات کر ڈالی کہ عقیدے کے پیش نظر کیا جانے والا فیصلہ بھی انصاف ہی پر مبنی جانا جائے گا۔ این چہ بوالعجبی است۔ تعجب ہے، جہاں کی عدالتوں ہی سے ایسے فیصلے صادر ہو، وہاں انسان آخر کس سے انصاف کی امید باندھ سکتا ہے! مگر یہ بات یاد رہنی چاہئے، ہمیشہ جیت حق ہی کی ہوتی ہے، اگر چہ یہ فیصلہ ہمارے لئے انتہائی تکلیف دہ، مگر دوسری جانب یہ بھی دیکھنے میں آیا، بہت سے غیر مسلم تعلیم یافتہ لوگ بھی مسلمانوں کی حمایت میں کھڑے ہوگئے اور اس فیصلے کو سراسر بے بنیاد اور ناانصافی پر مبنی قرار دیا۔

الحمدللہ اس بار ہمارے مسلمانوں نے جذبات میں نہ آکر صبر وتحمل سے کام لیا، یہ بھی ایک اچھا پہلو ہے، ہمیں اپنا حق مانگنا چاہئے، مگر اس کے لئے سڑکوں پر اتر آنا اور احتجاج کرنا، ٹائر جلانا وغیرہ سرکاری ونجی املاک کو نقصان پہنچانا۔ یہ سب اسلام میں ناجائز ہے، الحمدللہ امت مسلمہ ہندیہ نے اس بار صحیح معنی میں اسلامی تعلیمات پر عمل کیا، اللہ آئندہ بھی ایسی توفیق مرحمت فرمائے۔

اب سوال یہ پیدا ہوا ہے کہ ہمیں کیا کرنا چاہئے؟ تو جیسا کہ فیصلہ میں گنجائش ہے کہ سپریم کورٹ کا دروازہ کھٹکھٹا سکتے ہیں تو ہمیں اس کی تیاری شروع کردینی چاہئے، مگر افسوس کہ اب تک اپیل کرنے کے لئے نعرے لگا رہے ہیں، اقدام نہیں ہورہا ہے، تو جلد از جلد اقدام کرکے اس فیصلے کا انتظار کرنا چاہئے۔ دیکھنا ہے وہاں کیا ہوتا ہے، انصاف ملتا ہے یا ناانصافی ؟؟

بہرحال بابری مسجد سے دست بردار تو کسی صورت میں نہیں ہونا ہے کیوں کہ فقہی شرعی حکم یہ ہے کہ ایک بار مسجد تعمیر ہونے کے بعد قیامت تک اس میں تبدیلی نہیں ہوسکتی۔ خدانخواستہ اگر وہاں بھی ناانصافی ہاتھ آئے تو پھر ہمیں براہ راست حکومت کو میمورنڈم اور اگر وہاں بھی نہیں تو انٹرنیشنل عدالت میں جانا ہوگا، مگر ہار بہرحال ماننی ہی نہیں ہے، اس طریقے سے اس کو بچانا ہے، آخرکار ہماری کوشش کو دیکھ کر اللہ ضرور ہمارے حق میں فیصلہ صادر فرمائیں گے۔

☆......☆......☆



© rasailojaraid.com